پریس ریلیز

گوجرانوالہ 09 اگست 2023ء

ایم متھیو زیلی میدیکیز اہائی کمشنر ساؤتھ افریقہ نے کہا ہے کہ ساؤتھ افریقہ ٹریڈ کے حوالے سے پاکستان کا مستقبل ہے گوجرانوالہ کی بزنس کمیونٹی میں بڑا پوٹنشل ہے لیکن یہاں کے کاروباری لوگ افریقی منڈیوں سے وہ فائدہ حاصل نہیں کر رہی جو انہیں کرنا چاہیئے۔ انہوں نے کہا کہ فارماسوٹیکل، ایگرو، میٹ، فارمنگ کول و بے شمار ایسے سیکٹر ہیں جن میں سرمایہ کاری کے بڑے پیمانے پر مواقع موجود ہیں ۔انہوں نے مزید کہا کہ میڈیسن اور اینیمل بریڈنگ میں ساؤتھ افریقہ کے پاس وسیع تجربہ جس سے پاکستان بھرپور استفادہ حاصل کرسکتا ہے ۔بہتری کی گنجائش ہر وقت رہتی ہے البتہ افریقہ کی منڈیوں میں گوجرانوالہ اپنا مقام بنا سکتا ہے کیونکہ گوجرانوالہ میں تیار ہونے والی مصنوعات ساؤتھ افریقہ میں بڑی پسند کی جاتی ہیں ۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ گوجرانوالہ کی بزنس کمیونٹی ساؤتھ افریقہ میں گہرے دوستانہ تعلقات کی بنیاد پر تجارتی سرگرمیوں کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینے کی ضرورت ہے ۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کے اراکین کے اجلاس سے خطاب کے دوران کیا۔ جبکہ اجلاس کی صدارت چیمبر کے صدر شیخ فیصل ایوب نے کی ۔اس موقع پر نائب صدر عادل ندیم ،اراکین مجلس عاملہ، سابق صدر سعید احمد، سابق سینئر نائب صدور عرفان سہیل، حاجی نوشاد احمد، اجمل اعوان کے علاوہ بزنس کمیونٹی کی کثیر تعداد بھی موجود تھی ۔ایم متھیو زیلی میدیکیز اہائی کمشنر ساؤتھ افریقہ نے کہا کہ ساؤتھ افریقہ کے 9 صوبے ہیں اس سلسلہ میں بزنس کمیونٹی کے وفود کو سپیشل سہولیات دی جائینگی ۔انہوں نے گوجرانوالہ کی مختلف فیکٹریوں کا تفصیلی دورہ کرتے ہوئے کہا کہ گوجرانوالہ میں تیار ہونے والی مصنوعات عالمی معیار کے مطابق ہیں اور یہاں کے ہنرمندوں کا ٹیلنٹ قابل ستائش ہے ۔

قبل ازیں گوجرانوالہ چیمبر کے صدر شیخ فیصل ایوب نے سپاسنامہ پیش کرتے ہوئے گوجرانوالہ میں تیار ہونے والی مصنوعات کے بارے میں تفصیلی طور پر آگاہ کیا اور دونوں ممالک میں تجارتی روابط بڑھانے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ گوجرانوالہ چیمبر کا وفد جلد ساؤتھ افریقہ کا وزٹ کریگا تا کہ معلومات کا تبادلہ کر کے دونوں ممالک کی بزنس کمیونٹی تجارتی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں کردار ادا کر سکے ۔ نیز بزنس کمیونٹی کو لانگ ٹرم اور آسان شرائط پر ویزوں کا حصول یقینی بنائیں تا کہ وفود کے تبادلہ ہو اور سرمایہ کاری کو فروغ ملے ۔